سوال نمبر:۔ 770

منجانب:۔ جناب وقار احمد خان صاحب، رکن صوبائی اسمبلی، صوبہ خیبر پختونخوا۔

نمبر شمار	سوال	جواب
(الف)	کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:۔ موجودہ حکومت نے صحت کے محکمہ میں ایمرجنسی کا اعلان کیا ہے اور صوبے کے تمام دیہی علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات دی جارہی ہیں؟	صوبائی حکومت حادثات یا وباء کی صورت میں ضرورت کیمطابق علاقائی بنیاد پر خاص وقت کیلئے ایمرجنسی کا اعلان کرتی ہے۔ تاہم صوبے کے تمام دیہی علاقوں میں صحت کی بنیادی سہولیات کی جا رہی ہیں۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت کی مروجہ پالیسی کے مطابق کتنی آبادی کیلئے ڈسپنسری، BHU تعمیر کیا جاتا ہے یونین کونسل علی گرام تحصیل کبل سوات میں صحت کا کوئی یونٹ کام نہیں کر رہا آیا حکومت اس سلسلے میں مذکورہ یونین کونسل کو صحت کی سہولت دینے کا ارادہ رکھتی ہے۔	یس سلسلے میں عرض ہے کہ ھکومت کی مروجہ معیار کے مطابق 5000 سے کم نفوس پر مشتمل آبادی والے علاقے کیلئے ڈسپنسری اور 5000-10000 نفوس پر مشتمل آبادی والے علاقے کیلئے بی ایچ یو تعمیر کیا جاتا ہے۔ فی الوقت حتومت ڈسپنسریوں کی تعمیر نہیں کر رہی ہے۔ جہاں تک یونین کونسل علی گرام تحصیل کبل سوات میں صحت کے یونٹ کا تعلق ہے تو اس سلسلے میں عرض ہے کہ محکمہ صحت خیبر پختونخواہ مالی مشکلات کی وجہ سے صوبے میں مذید نئے ہسپتالوں کی تعمیر و توسیع کی حوصلہ شکنی کر رہی ہے البتہ موجودہ حکومت بنیادی مراکز صحت میں مذید سہولیات دینے پر توجہ دے رہی ہے۔